| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 1 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |
| باب چہارم: اخلاق و آداب | | سبق کا نام: وقت کی پابندی | |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- ♦ اسلامی عبادات سے وقت کی پابندی کی اہمیت سمجھ سکیں۔
- ♦ اپنی جماعت اور زندگی کے دیگر معاملات میں نظام الاوقات پر عمل کر سکیں۔
- ♦ عملی زندگی میں وقت کی پابندی کے فائدے جان کر ان پر عمل کر سکیں۔

## تدریسی معاونات:

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

## سبق کا تعارف: 5 منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں دنیا میں جتنی بھی ترقی یافتہ قومیں آباد ہیں اگر ان کی تاریخ کا مطالعہ کیا جائے تو یہ بات معلوم ہو گی کہ ان کی ترقی کا راز وقت کی پابندی ہے۔ اور جو وقت کی پابندی نہیں کرتے وہ کبھی کامیاب نہیں ہوتے۔ وقت ایک بیش بہا نعمت ہے۔ کامیابی اور ترقی کے لیے وقت کی پابندی لازمی ہے۔

## طریقہ تدریس: 15 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۴۶ تا ۴۷ متن کی پڑھائی کرائیں اور مشکل الفاظ کے معانی بتائیں۔
- انھیں بتائیں دینِ اسلام میں عبادات کا بھی وقت مقرر ہے یعنی وقت کی پابندی ایک لازمی شرط ہے۔

  ارشادِ باری تعالیٰ ہے:

  ترجمہ: بے شک نماز مومنوں پر مقررہ وقت پر فرض ہے۔ (سورۃ النسآء: آیت ۱۰۳)
- طلبہ کو بتائیں حج ذوالحجہ کے خاص دنوں میں فرض ہے۔ روزے رمضان المبارک کے مہینے میں فرض ہیں غرضیکہ عبادات میں بھی پابندیٔ وقت کا اصول کارفرما نظر آتا ہے۔

- طلبہ کو بتائیں وقت کی پابندی ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے اسوۂ حسنہ کی خاص خوبی تھی۔ آپ خاتم النبیین ﷺ نے کھانے، سونے، جاگنے اور زندگی کے دیگر کاموں کے لیے جو اوقات مقرر کر رکھے تھے، اُن کی ہمیشہ پابندی فرمائی۔
  - طلبہ کو متن کا حوالہ دیتے ہوئے وقت کی پابندی کے فوائد بتائیں۔
  - وقت کی پابندی کرنے سے اللہ تعالیٰ خوش ہوتا ہے۔
  - وقت کی پابندی سے انسان کے اندر نظم وضبط پیدا ہوتا ہے۔
  - وقت کی پابندی ترقی کی ضامن ہے۔
  - وقت کے پابند شخص کی ہر کوئی عزّت کرتا ہے۔
- طلبہ کو سمجھائیں بہترین بات یہ ہے کہ ہم اپنا زیادہ سے زیادہ وقت ایسے نیک کاموں کے کرنے میں گزاریں جن سے اخروی نجات حاصل ہو۔ بطور طالب علم وقت کی قدر کرنا بے حد ضروری ہے۔ پڑھائی اور کھیل کُود میں توازن برقرار رکھا جائے۔ غرض اپنا ہر کام وقت مقررہ پر کرنے کی عادت اپنائیں۔ وہ ملک کبھی ترقی نہیں کر سکتا جس کی عوام وقت کی قدر نہیں کرتی۔

**مشکل الفاظ کو پڑھانے کا طریقہ:** 5منٹ

| مشکل الفاظ | پڑھانے کا طریقہ | معانی |
|---|---|---|
| قدر وقیمت | قَ۔ دَر۔ وَ۔ قِی۔ مَت | عزت۔ وقعت |
| توازن | تَ۔ وا۔ زُن | تناسب۔ برابری |

**اعادہ:** 2منٹ

پڑھائے گئے سبق کو مختصراً دہرائیں۔

**جائزہ:** 6منٹ

مشق جزو (۲) کا سوال (۱) طلبہ سے سنیں۔

**گھر کا کام:** 2منٹ

ورک شیٹ حل کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** 5منٹ

دن بھر کی سرگرمیوں بشمول نماز اور تلاوت کے نظام الاوقات پر مبنی جدول تیار کریں۔

| سبقی منصوبہ بندی:2 | مضمون: اسلامیات | جماعت: چہارم | دوسری سہ ماہی |
|---|---|---|---|
| وقت: 40منٹ | تاریخ:______ | ہفتہ: 9 | اُستاد کا نام:______ |

| سبق کا نام: حفظ و ترجمہ | باب اوّل: قرآن مجید و حدیثِ نبوی ﷺ |
|---|---|

**حاصلاتِ تعلم:**

**اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:**

- سورۃ الکوثر کا ترجمہ یاد کر سکیں۔
- دیے گئے کلمات کو مع ترجمہ یاد کر سکیں اور ان کے معنی و مفہوم کو جان کر اُنھیں اپنی نمازوں میں پڑھ سکیں۔

**تدریسی معاونات:**

تختہ تحریر، چاک/بورڈ، مارکر۔ اسلامیات کی کتاب۔

**سبق کا تعارف:** 5منٹ

تختہ تحریر پر سبق کا عنوان لکھیں۔ طلبہ کو بتائیں کوثر کا معنی ہے: جنت کا ایک حوض (یا خیر کثیر)۔ اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کو کوثر عطا کرنے کا اعلان فرمایا ہے اور آپ خاتم النبیین ﷺ کے دشمنوں کے بے نام و نشان رہنے کی خبر دی ہے۔ طلبہ کو بتائیں کوثر سے مراد دنیا و آخرت کی بے شمار خوبیاں ہیں۔ جب ہمارے پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کے پیارے صاحبزادوں حضرت قاسم رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور حضرت عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے انتقال پر کفّار نے خوشیاں منائیں اور آپ خاتم النبیین ﷺ کو بے نام و نشان ہونے کا طعنہ دیا تو اس پر اللہ تعالیٰ نے سورۃ الکوثر کو نازل فرمایا اور یہ بشارت دی کہ ان کفّار کا نام تو مٹ جائے گا لیکن پیارے نبی حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کا نامِ گرامی ہمیشہ باقی رہے گا۔ اس سورت کا ایک ایک لفظ اس بات کو بیان کرتا ہے کہ آپ خاتم النبیین ﷺ کے گستاخ کو جواب خود رب تعالیٰ دیتا ہے۔

**طریقہ تدریس:** 20منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو صفحہ نمبر ۵ سے سورۃ الکوثر مع ترجمہ پڑھ کر سنائیں۔ انھیں بتائیں کہ یہ قرآن مجید کی سب سے چھوٹی سورت ہے۔

- طلبہ کو سورت کے ہر لفظ کی ادائی نہایت خوش الحانی سے کرائیں اور انھیں ہدایت دیں کہ اعراب کا خیال رکھتے ہوئے ہر لفظ کو ٹھہر ٹھہر کر ادا کریں۔
- طلبہ کو سورت مع ترجمہ زبانی یاد کرائیں۔
- طلبہ کو بتائیں اس سورت میں اللہ تعالیٰ نے چونکہ آپ خاتم النبیین ﷺ کو کوثر عطا کرنے کا اعلان فرمایا اس لیے ان عظیم نعمتوں کے شکرانے کے لیے آپ خاتم النبیین ﷺ کو نماز پڑھنے اور قربانی کرنے کی بھی تلقین فرمائی گئی۔اس سورت میں دشمنانِ رسول خاتم النبیین ﷺ کے لیے وعید ہے۔اس سورت میں نبوت، قرآن، علم و حکمت کی نصیحتیں بھی شامل ہیں جو آپ ﷺ کو عطا کی گئیں۔
- اس کے بعد طلبہ کو صفحہ نمبر 6 سے کلماتِ نماز پڑھائیں۔
- طلبہ کو رکوع، قومہ اور سجدے کو عملاً کر کے دکھائیں اور ان تسبیحات مع ترجمہ کی تین سے پانچ مرتبہ دہرائی کرنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ سے ان تسبیحات مع ترجمہ کی بلند خوانی کرائیں۔اور ذہن نشین کرائیں۔

**اعادہ:** **2منٹ**

طلبہ کے ساتھ مل کر سورۃ الکوثر کی دہرائی کریں۔

**جائزہ:** **6منٹ**

طلبہ سے سورۃ الکوثر زبانی سنیں اور کلماتِ نماز سنیں۔

**گھر کا کام:** **2منٹ**

گھر میں کسی بڑے کی مدد سے سورۃ الکوثر مع ترجمہ یاد کریں۔ نیز نماز کے کلمات مع ترجمہ یاد کریں۔

**سرگرمی برائے طلبہ:** **5منٹ**

صفحہ نمبر ۵ میں دی گئی سرگرمی حل کریں۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| دوسری سہ ماہی | جماعت: چہارم | مضمون: اسلامیات | سبقی منصوبہ بندی: 3 |
| اُستاد کا نام: ______ | ہفتہ: 9 | تاریخ: ______ | وقت: 40 منٹ |

| | |
|---|---|
| باب سوم: سیرت طیّبہ ﷺ | سبق کا نام: عامُ الحزن، سفرِ طائف (دہرائی) |

## حاصلاتِ تعلم:

اس سبق کو پڑھنے کے بعد طلبہ اس قابل ہو جائیں گے کہ وہ:

- عامُ الحزن کا معنٰی و مفہوم بیان کر سکیں۔
- حضرت محمد رسول اللہ خاتم النبیین ﷺ کی زندگی میں حضرت ابو طالب اور حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالی عنہا کے کردار سے واقف ہو سکیں۔
- حضور اکرم خاتم النبیین ﷺ کے سفرِ طائف کا مقصد اور طائف کے سرداروں کے رویّے کے بارے میں جان سکیں۔
- سفرِ طائف کے واقعات پڑھ کر رسولِ کریم خاتم النبیین ﷺ کے صبر و تحمل اور برداشت کے بارے میں جان کر اس وصف کو اَپنا سکیں۔

## تدریسی معاونات:

اسلامیات کی کتاب۔ ورک شیٹ۔

## طریقہ تدریس: 5 منٹ

- سبق کے آغاز میں طلبہ کو بسم اللہ الرحمن الرحیم اور علم میں اضافے کی دُعا پڑھنے کی تلقین کریں۔
- طلبہ کو سبق ''عامُ الحزن'' اور ''سفرِ طائف'' کی دہرائی کروائیں۔
- طلبہ کو ورک شیٹ دے کر ہدایت دیں کہ دیے گئے وقت کے مطابق ورک شیٹ کو مکمل کریں۔
- طلبہ کے سامنے ورک شیٹ کو بآوازِ بلند پڑھیں اور انھیں ہدایت دیں کہ ہر سوال کو غور سے پڑھ اور سمجھ کر جواب دیں۔

## اعادہ: 15 منٹ

ورک شیٹ وقت پر مکمل کرنے والے طلبہ کی حوصلہ افزائی کریں۔ ورک شیٹ کو طلبہ کے سامنے چیک کریں اور غلطیوں کی اصلاح کریں۔

## جائزہ:

N/A

## گھر کا کام:

N/A

ورک شیٹ 20منٹ

سوال 1: دیے ہوئے سوالات کے مختصر جواب لکھیں۔

ا۔ عامُ الحزن سے کیا مراد ہے؟

۲۔ پہاڑوں کے فرشتوں کو آپ خاتم النبیین ﷺ نے کیا ارشاد فرمایا؟

۳۔ حضرت خدیجہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا نبی کریم خاتم النبیین ﷺ کے ساتھ کتنا عرصہ رہیں؟

سوال 2: حضور اکرم خاتم النبیین ﷺ کے سفرِ طائف کے دوران پیش آنے والے واقعات بیان کریں۔